## سوال

(441) قبر پر جا کر مرحومین کے لیے دعا کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قبرستان میں جا کر مرحومین کی بخشش کے لیے کون کون سی دعائیں پڑھنا مسنون ہیں ؟ اور قبر کے کس حصے پر کھڑے ہو کر دعائیں پڑھیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبرستان میں میت کے لیے ہر وہ دعا پڑھی جا سکتی ہے جس میں اس کے لیے مغفرت کی دعا ہو مثلاً :

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ ... ١٠ ... سورة الحشر

اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا بھی سکھائی تھی۔

«السلام وعلیکم اہل الدیار من المومنین والمسلمین ویرحم اللہ المستقدمین منا والمستاخرین وانا ان شاء اللہ بکم لاحقون» مسلم ونسائی

مزید اس موضوع پر مؤلفہ کتابوں کی طرف رجوع کرنا چاہیے کچھ دعاؤں کا ذکر صحیح مسلم میں ہے قبروں سے پیچھے ہٹ کر قبلہ رخ ہو کر دعا کرنی چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

**ج1ص736**